## اپنے بچے کے مستقبل کی ضروریات کو محفوظ بنائیں

آپ اپنے بچوں کیلئے ہمیشہ 100 فیصد کامیابی اور اُن کو زندگی کی جانب سے دیئے گئے ہر قسم کے چیلنج سے نمٹنے کے لئے ہر طرح کوشش کرتے ہیں۔آپ کو ایک ایسے فنانشل پلان کی ضرورت ہے جس سے آپ کے بچے کو مستقبل کے اہداف حاصل کرنے کے لئے کوئی سمجھوتہ نہ کرنا پڑے۔سامبا بینک ای ایف یو لائف کے تعاون سے سامبا تکافل اور میرج پلان پیش کرتا ہے جو آپ کو ایک منظّم طریقے سے اپنے بچے کے مستقبل کو محفوظ بنانے میں مدد فراہم کرتا ہے۔


**سامبا تکافل ایجوکیشن اور میرج پلان** ایک شریعہ کے مطابق تکافل پلان ہے جو آپ کے بچے کی تعلیم اور شادی کے لئے ایک مکمل مالیاتی حل فراہم کرتا ہے۔ یہ پلان سیونگز کو ایک مدت تک بڑھاتے ہوئے پلان کے دوران آسان پروٹیکشن بینیفٹس بھی فراہم کرتا ہے۔

## تکافل کیا ہے؟

تکافل شریعہ کا وضع کردہ طریقہ کار ہے جو آپ کو (اور آپکے پیاروں) کو مستقبل میں آنے والی مالی پریشانیوں اور مسائل سے مکمل آزادی اسلام کے وضع کردہ اصولوں کے عین مطابق فراہم کرتا ہے۔تکافل پراڈکٹس شراکت داروں کو ایسی مالی معاونت فراہم کرتی ہیں جس میں اُن کے نقصانات کی باہمی اشتراک، بھائی چارے اور یکجہتی سے بھرپائی کی جاتی ہے۔

## تکافل ممبرشپ کیسے کام کرتی ہے؟

ای ایف یو لائف کا تکافل ماڈل وکالہ وقف اصول کی بنیاد پر کام کرتا ہے۔معاشرے کی تمام اکائیاں ایک مخصوص مقصد کے تحت وقف فنڈ میں اپنا حصہ دیتے ہیں۔وقف کا ایڈمنسٹریٹر تکافل آپریٹر ہوتا ہے جو وقف فنڈ کے شراکت داروں کو مستقبل میں ہونے والے ناگہانی نقصانات کی صورت میں مالی بھرپائی کی ضمانت دیتا ہے۔




## پلان کے مالی فوائد کے حصول کو کیا گنجائش ہے؟

آپکی فراہم کی گئی رقم کو ای ایف یو لائف کے یونٹ کی اکائیوں سے منسلک تکافل فنڈ کے یونٹ خریدنے میں استعمال کیا جائے گا،اس فنڈ کا مقصد آپکے سرمائے مختلف قسم کے سرمایہ کاری منصوبوں میں جیسے کے اسلامک میوچوّل فنڈ،منظور شدہ اسٹاک مارکیٹ کے شیئرز میں،سکوک بانڈز ،اسلامک بینک کے ٹرم ڈپازٹز وغیرہ میں لگا کر زیادہ سے زیادہ بڑھانا ہے۔ یہ فنڈ اندرون خانہ سرمایہ کاری کے ماہرین کی زیرِنگرانی کام کرتا ہے جو اس امر کو یقینی بناتے ہیں کہ تمام سرمائے کو صحیح جگہ پر لگایا جائے۔ مالی و معاشی حالات کو مدِنظر رکھتے ہوئے تاکہ شراکت داروں کو بہترین فوائد منتقل کیئے جاسکیں۔

## سرپلس شیئرنگ کیا ہے؟

تکافل شراکت دار کے خطرات کو کم کرنے کے فوائد کے ساتھ ساتھ سرپلس شیئرنگ کی ایک منفرد خصوصیت فراہم کرتا ہے۔شراکت دار سرپلس شیئرنگ کے ممکنہ فوائد کا حامل تکافل فنڈ میں تبرو (عطیہ) دینے کے بعد ہوتا ہے۔ہر سال کے آخر میں ای ایف یو لائف شریعہ ایڈوائزر اور تقرر کیئے گئے ایکچوری کے منظور شدہ طریقہ کار کے مطابق پی ٹی ایف میں سرپلس کا تعین کرے گی۔

## اضافی سرمائے کے فوائد کیا ہیں؟

اضافی سرمائے کا ایک حصہ شراکت داروں کے انویسٹمنٹ فنڈ (Participant Investment Account) میں مختص کیا جاتا ہے یہ اضافی یونٹس/ بونس یونٹس آپکے پلان کی کیش ویلیوز (Cash Values) پر بحیثیت مجموعی نہایت ہی مثبت اثر ڈالتے ہیں اور اس سے نمایاں اضافہ حاصل ہوتا ہے۔

## تکافل کے فوائد:

**کنٹی نیویشن بینیفٹ:**

پلان کی میچورٹی سے پہلے وفات کی صورت میں آپ اس بات کو یقینی بنانا چاہیں گے کہ آپ کے بچے کا مستقبل محفوظ رہے۔

کنٹی نیویشن بینیفٹ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ میچورٹی سے پہلے اگر شراکت دار کی وفات کی صورت میں مستقبل کے تمام کنٹری بیوشنز ای ایف یو ونڈو تکافل آپریشن کے پی ٹی ایف فنڈ سے ادا کیے جائیں گے۔اس کا مطلب ہے کہ آپ نے اپنے بچے کے لئے جو سرمایہ سوچا وہ موجود ہوگا۔

## میچورٹی بینیفٹ:

ممبرشپ کے مدت کے اختتام تک اگر شراکت دار حیات ہے تو میچورٹی بنیفیٹ مندرجہ ذیل ہوگا۔

شراکت کنندہ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ کی کیش ویلیوز +

فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن کی کیش ویلیوز

کیش ویلیو: کنٹری بیوشن کی مد میں خریدے گئے یونٹس کی جمع شدہ ویلیو۔

## کیا کوئی اضافی فوائد ہیں۔

تکافل پروٹیکشن میں اضافے کیلئے یہ پلان مختلف ضمنی فوائد فراہم کرتا ہے جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

**ایڈیشنل ٹرم تکافل:**

تکافل کور کو بڑھا کر شراکت دار کی وفات کی صورت میں یہ بینیفٹ ایک اضافی رقم فراہم کرتا ہے۔

**انکم بینیفٹ:**

پلان کی مدت کے دوران شراکت دار کی وفات کی صورت یہ بینیفٹ اُس کی فیملی کو ایک سہ ماہی رقم فراہم کرتا ہے۔

**تکافل ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ***

شراکت دار کی حادثاتی موت کی صورت میں یہ بینیفٹ ایک اضافی رقم فراہم کرتا ہے۔

**تکافل ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈیسبلٹی بینیفٹ***

شراکت دار کی حادثاتی موت یا معذوری کی صورت میں یہ بینیفٹ ایک اضافی رقم فراہم کرتا ہے۔

**تکافل ویور آف کنٹری بیوشن**

کسی بیماری یا حادثے کی صورت میں اگر شراکت دار کی آمدنی کے ذرائع نہ رہیں تو پلان کا کنٹری بیوشن وقف فنڈ/ پی ٹی ایف جو کہ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشن مینج کرتا ہے سے ادا کیا جائے گا۔

*ایکسڈینٹل بینیفٹس میں سے کسی ایک کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔

## بار بار پوچھے جانے والے سوالات:

**کون درخواست دے سکتا ہے؟**

شراکت دار کی عمر 18 سے 65 سال کے درمیان ہونی چاہیے۔اگرچہ میچورٹی کی زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال ہے۔

تکافل کے معاہدہ کی مدت 10 سے 25 سال ہو سکتی ہے۔

کم سے کم کنٹری بیوشن 20,000 سالانہ ہے۔

## چارجز کیا ہیں؟

اس پلان کے درج ذیل چارجز ہیں جو وکالت الاستسمار کے اصول کے تحت وضع کردہ ہیں اور ان کا اطلاق بنیادی تکافل پلان پر ہے۔

ایلوکیشن فیس رائج شدہ شرح کے مطابق منہا کی جائے گی۔جس کے بعد باقی ماندہ کنٹری بیوشن کو انویسٹمنٹ اکاؤنٹ میں جمع کر دیا جائے گا۔

ایڈمنسٹریشن چارج کے تحت -/1500 روپے سالانہ منہا کیئے جائیں گے۔

بڈ آفر اسپریڈ کے تحت 5% چارجز منہا کیئے جائیں گے۔

انویسٹمنٹ مینجمنٹ فیس کے تحت 1.5% چارجز سالانہ فنڈ ویلیوز پر منہا کیئے جائیں گے۔

## کنٹری بیوشن کو کس طرح مختص کیا جاتا ہے؟

شراکت دار کی کنٹری بیوشن کی سالانہ ایلوکیشن کی شرح دیئے گئے ٹیبل میں ہے۔

| سال | کنٹری بیوشن کے مطابق ایلوکیشن کی شرح |
| --- | --- |
| 1 | 30% |
| 2 | 80% |
| 3 | 90% |
| 5 اور 4 | 100% |
| 10 سے 6 | 103% |
| 15 سے 11 | 105% |
| 20 سے 16 | 107% |
| 25 سے 21 | 110% |

## عطیہ وقف:

اس کا تعین شراکت دار کی جانب سے حاصل کردہ تکافل کور اور اس کی عمر کو مدِنظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا اور اس کے بعد یہ رقم شرکت دار کے بنیادی کنٹری بیوشن میں سے منہا کر کے تکافل فنڈ/ اکاؤنٹ میں جمع کر دی جائے گی۔

## فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن۔(FAC)

اگر شراکت دار کے پاس اضافی رقم کی موجود ہے اور وہ اس کی قلیل المدتی سرمایہ کاری کرنے میں

دلچسپی رکھتا ہے تو (FAC) کے تحت سرمایہ کاری کا ایک سہل طریقہ کار فراہم کیا جاتا ہے جس سے بہترین حلال منافع کا حصول یقینی بنایا جاسکے۔ اس آپشن کے تحت رقوم کی یکمشت سرمایہ کاری پلان کی مدت کے دوران کسی بھی وقت کی جاسکتی ہے۔ کم سے کم (FAC) کی رقم 20,000 روپے ہے۔

## بچتوں تک رسائی؟

اس امر کی اچھی طرح آگہی رکھیں کہ یہ پلان ایک طویل المدتی منصوبہ ہے اور اس میں سرمایہ کاری اس امر کو مدِنظر رکھتے ہوئے کریں کہ اگر آپ کے مالی حالات تبدیل ہو جائیں اور آپ کو رقم کی ضرورت پڑ جائے تو آپ پلان ختم کرواسکتے ہیں اور اس صورت میں آپکو کیش ویلیوز واپس کردی جائیں گی۔

اگر آپ کو ایک قلیل رقم کی ضرورت ہے تو آپ اپنا پلان جاری رکھتے ہوئے بھی رقم نکلوا سکتے ہیں، یہ سہولت پلان میں -/25,000 روپے کی رقم چھوڑ کر باقی ماندہ رقم نکلوا کر حاصل کی جاسکتی ہے۔

## السٹریشن بینیفٹ:

درج ذیل مثال ایک 35 سالہ مرد کی ہے جو اپنے بچے کے مستقبل کی تعلیم کے لئے پلان لے رہا ہے۔

| | |
|---|---|
| یونیورسٹی میں داخلے کے لئے وقت: | 25 سال |
| موجودہ سالانہ یونیورسٹی فیس: | 460,000 روپے |
| تعلیم کی مدت: | 4 سال |
| مالی ضرورت (25 سال کے بعد): | 6,230,893 روپے |
| حادثاتی موت کا بینیفٹ: | 1,875,000 روپے |

**کنٹری بیوشن:**

| | |
|---|---|
| بنیادی تکافل کنٹری بیوشن | 75,000 روپے سالانہ |
| تکافل حادثاتی موت کے بینیفٹ کا کنٹری بیوشن | 2,250 سالانہ |
| ٹوٹل سالانہ کنٹری بیوشن: | 77,250 سالانہ |

| پالیسی سال | سالانہ 6% * ریٹ آف ریٹرن | سالانہ 8% * ریٹ آف ریٹرن | سالانہ 10%* ریٹ آف ریٹرن |
|---|---|---|---|
| | کیش ویلیو | کیش ویلیو | کیش ویلیو |
| 5 | 303,505 | 319,185 | 335,547 |
| 10 | 778,329 | 861,647 | 954,403 |
| 15 | 1,374,306 | 1,609,367 | 1,889,701 |
| 20 | 2,122,266 | 2,639,343 | 3,301,888 |
| 25 | 3,074,727 | 4,071,988 | 5,447,992 |

**میچورٹی سے پہلے وفات**

| | |
|---|---|
| کنٹی نیوشن بینیفٹ | 75,000 سالانہ |

**میچورٹی سے پہلے حادثاتی موت**

| | |
|---|---|
| Lump Sum بینیفٹ | 1,875,000 روپے |

*اوپر دی گئی شرح کا تعین پلان کے بنیادی تکافل کنٹری بیوشن میں سے ایلوکیشن فیس منہا کرنے کے بعد کیا جاتا ہے۔ تمام دیگر چارجز کی کٹوتی اوپر دی گئی شرح سے کی جائے گی جس کے بعد باقی ماندہ رقم کو انویسٹمنٹ فنڈ/ اکاؤنٹ میں جمع کر دیا جائے گا۔

## ڈسکلیمر (Disclaimer):

- یہ پراڈکٹ ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ نے سامبا بینک کے کسٹمرز کیلئے ڈیزائن، انڈررائٹ کی اور گارنٹی دی ہے۔
- یہ پراڈکٹ سامبا بینک نے نہ تو انشورڈ کی ہے اور نہ ہی اس کی گارنٹی دی ہے۔
- اصل ویلیوز کا ٹیبل میں درج ویلیوز سے کم یا ذیادہ ہونا ای ایف یو مینجڈ گروتھ فنڈ میں کی جانے والی سرمایہ کاری کی کارکردگی پر منحصر ہے۔
- ضروری نہیں کے فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کیلئے رہنمائی کا باعث ہو۔ کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کے مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی EFU لائف ایشورنس اور نہ سامبا کسی بھی طرح ذمہ دار ہونگے۔
- کیش ویلیوز 6%, 8% اور 10% کے سالانہ امکانی ریٹ آف ریٹرن کی بنیاد پر نکالی گئی ہیں۔
- برائے مہربانی دیگر شرائط وضوابط کو تفصیلاً سمجھنے کے لئے اس مثال میں بیان کی گئی باتوں کو بغور پڑھیں۔
- سروس چارجز اور دیگر ٹیکسز بینک کے ''شیڈول آف چارجز'' اور متعلقہ حکام سے مشروط ٹیکس قوانین کے مطابق ہونگے۔
- یہ معاہدہ کس طرح کام کرتا ہے اسے پالیسی کے قواعد وشرائط میں بیان کیا گیا ہے۔

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

آپکے خواب، آپکی خواہشات
اور اُن کو پانے کیلئے شرح کا وضع کردہ طریقہ



# سامبا
## تکافل ایجوکیشن اینڈ میرج پلان

samba سامبا

efu LIFE
Zaroori Hai

**EFU LIFE - WINDOW TAKAFUL OPERATIONS**
37-K, Block 6, PECHS Karachi-75400
Call: 021-111-338-436 (111-EFU-HEM)Fax: (021) 34537519
Email: csd@efuhemayahtakaful.com
Website: www.efuhemayahtakaful.com

efu LIFE *Zaroori Hai*

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم الله الرحمن الرحيم

# CERTIFICATE OF SHARIAH COMPLIANCE

## FOR EFU LIFE ASSURANCE LTD – WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

In the capacity of Shariah Advisor of EFU Life Assurance Ltd – **Window Takaful Operations,** I certify that I have reviewed the structure of **Samba Takaful Education & Marriage Plan** which is being distributed by **Samba Bank** and riders which are based on the **Wakalah-Waqf** takaful model. I have also examined all relevant processes and documents including the Participants Membership Documents. In addition I have reviewed in detail the investments with regard to all Takaful funds.

Based on Shariah rulings and to the best of my knowledge and belief, the **Window Takaful Operations** of EFU Life Assurance Ltd including Individual and Group Family Takaful products and riders, investments of all Takaful funds, relevant documents and processes are compliant from all aspects of Shariah.

In my opinion, it is permissible from the Shariah point of view to obtain Membership in this product and benefit from it.

Mufti Muhammad Ibrahim Essa
Shariah Advisor

مفتی
محمد ابراہیم عیسیٰ
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز